موضوع - 11

# ہمارے گاؤں میں خدمات فراہم کرنے والے
# Service providers in our village

## مقاصد Objectives

لوگوں میں مختلف پیشے‘ Trades‘ صنعت وحرفت (trades) انکی سماجی زندگی اور ماحول کے بارے میں جاننا

## پس منظر Background

لوگوں کی زندگی دوبھر ہوجائے گی اگر ہمارے سماج میں برقی اشیاء سے متعلق میکانک‘ پانی کے پائپ لگانے والے‘ میستری جو گھر بناتے ہیں ایسے ہی لوگ ہمارے گھروں کی تعمیرات میں ایک اہم رول ادا کرتے ہیں۔اس کے علاوہ ہمارے سماج میں نہایت اہم لوگ بھی ہوتے ہیں جیسے ڈاکٹر‘ انجینئر‘ وکلاء‘ اساتذہ‘ دُکاندار اور گھریلو کام کاج کرنے والے وغیرہ بہت زیادہ اہمیت کے حامل ہوتے ہیں۔

## طریقہ کار Methodology

مندرجہ بالا سماجی کارندوں کی خدمات کو سمجھنے کے لیے طلبہ کو ایک گروہی منصوبہ دیا جاسکتا ہے۔اس کے لیے جماعت کے مختلف گروپ میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔تا کہ طلبہ سماج میں خدمات یا کام کرنے والوں کے بارے میں معلومات اکٹھا کرسکیں۔

حسب ذیل سوالات کی مدد سے معلومات جمع کی جاسکتی ہیں۔



## سوالنامہ Questionnaire

1۔ ایک خاندان کی ماہانہ اوسط آمدنی کیا ہے؟
2۔ ماہانہ آمدنی کے علاوہ اور کوئی ذریعہ آمدنی ہے؟
3۔ وہ مکان جس میں وہ رہتے ہیں کس قسم کا ہے؟
4۔ پانی۔کرنٹ اور دوسری ضروریات انہیں میسر ہیں؟
5۔ وہ اپنے کام کے مقام پر کیسے جاتے ہیں۔(وہ اپنے کام کے مقام پر جانے کا طریقہ کیا ہے)
6۔ ایک دن میں وہ کتنے گھنٹے کام کرتے ہیں؟
7۔ اپنے پیشہ ورانہ کام میں وہ کن تکالیف وخطرات سے دوچار ہوتے ہیں۔
8۔ کیا وہ ہفتہ واری تعطیل کا لطف اٹھاتے ہیں؟





یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔

9۔ وہ اپنے فرصت کے اوقات کو کس طرح گذارتے ہیں؟

10۔ جب وہ اپنے کام پر جاتے ہیں تو گھر میں ان کے چھوٹے بچوں کی رکھوالی کون کرتے ہیں؟

11۔ ان کے بچوں کی تعلیم کا معاملہ کیا ہے؟

## استدالی خلاصہ Conclusion

جمع کیے گئے ڈاٹا (Data) کی بنیاد پر ایک مختصر رپورٹ Report تیار کیجیے۔ اگر کوئی چیز ہمارے گھروں میں خراب ہوجاتی ہے تو اسکو دوبارہ درست کیا جاتا ہے۔ جس سے وہ کچھ اور دن چل سکتی ہے۔ اس سے ہمیں نئی چیزیں خریدنے کی چنداں ضرورت نہیں ہوتی۔ مثلاً: چپل موچی سے درست کیے جاسکتے ہیں جس سے اس چپل کو کچھ اور دن کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے۔ ایسے کرنے سے آلودگی وغیرہ میں بھی اضافہ نہیں ہوتا۔ اس طرح مختلف پیشوں سے منسلک لوگ اپنے پیشے کو برقرار رکھ سکتے ہیں۔ ہر ایک کو کام ملتا رہے گا اس کے علاوہ ایسے پیشہ وارانہ لوگ مقامی طور پر دستیاب ہونگے اور کم قیمت پر اپنے کام انجام دیں گے۔

## مزید کاروائی Follow-up

رپورٹ کی تیاری میں اسکول کے اندر دوسری جماعت کے طلبہ بھی حصہ لے سکتے ہیں۔

